© rasailojaraid.com

پروفیسر خالد شبیر احمد

نعت رسولِ مقبول ﷺ

جانِ جہاں وہ جن پہ عقیدت ہوئی ہے ختم
ختم الرسل وہ جن پہ نبوت ہوئی ہے ختم

اُن کے ہی دم قدم سے شرافت کی آبرو
خیر البشر پہ حدِ شرافت ہوئی ہے ختم

اُن کے وجودِ پاک پہ صدق و صفا کو ناز
صادق ہیں ایسے جن پہ صداقت ہوئی ہے ختم

ہر اک قدم ہے اُن کی عزیمت کی داستاں
لاریب اُن پہ شانِ عزیمت ہوئی ہے ختم

اُن کے صحابہ عظمتِ دیں کے ہیں شاہکار
جن پہ ہر ایک پہلو سے عظمت ہوئی ہے ختم

سیرت سے اُن کی جوہرِ کردار کو جِلا
افضل ہیں ایسے جن پہ فضیلت ہوئی ہے ختم

دنیا جہاں کی رفعتیں اُن پہ نثار ہیں
جس فخرِ کائنات پہ رفعت ہوئی ہے ختم

اس صنفِ نعت گوئی کی لاؤ کوئی مثال
جس پر ہر ایک طرز کی مدحت ہوئی ہے ختم

نطقِ نبی کا معجزہ ' خطبے حضور کے
ندرت ہے ختم جن پہ فصاحت ہوئی ہے ختم

وہ رحمتِ عمیم ہیں دنیا کے واسطے
جن کے وجودِ پاک پہ رحمت ہوئی ہے ختم

لکھے ہوئے ہیں لوحِ صداقت پہ یہ حروف
ہاں مصطفیٰ پہ شانِ رسالت ہوئی ہے ختم

یورش کے درمیاں بھی وہ ثابت قدم رہے
ایسے شجاع کہ جن پہ شجاعت ہوئی ہے ختم

خالد نہیں ہے دین سے کچھ اُس کا واسطہ
جس کو یقیں نہیں کہ نبوت ہوئی ہے ختم

© rasailojaraid.com